سوال

(10) بکرا جو بہت موٹا تازہ ہے۔ مگر اگلے دانت نہیں گرے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بکرا جو بہت موٹا تازہ ہے۔ مگر اگلے دانت نہیں گرے۔ کیا اس کو عید الاضحیٰ میں قربانی کر سکتا ہے۔ اور اسکی عمر ایک سال پونے چار ماہ ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں ہے۔ «لاتذبحوا الا مسنة الا ان یعسر علیکم فتذبحوا جذعة من الضان»

مسنہ سے کم ہو تو ذبح نہ کرو۔ اگر نہ ملے تو منان بھیڑ دنبہ جدعہ کر سکتے ہو مسنہ ک معنی میں اختلاف ہے۔ بعض عمر کا لحاظ کرتے ہیں۔ اُن کے نزدیک ایک سال کا بکرا مسنہ کہلاتا ہے۔ پس ان کے نزدیک یہ بکر عید کی قربانی میں زبح ہو سکتا ہے۔ کہ مسنہ میں اگلے دانت گرنے کا لحاظ ہے۔ مگر صحیح یہی ہے۔ پس اس صورت میں اس کا ذبح کرنا قربانی میں جائز نہیں ہے۔ جذعہ میں بھی اختلاف ہے۔ مگر صحیح قول یہی ہے کہ جزعہ ایک سال کی عمر والے کو کہتے ہیں۔ (حافظ محمد گوندلوی گوجرانوالہ) (الاعتصام لاہور جلد 20 ش 23۔24)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 13 ص 47-48

محدث فتویٰ